© rasailojaraid.com

# تبصرۂ کتب

جناب اختر راہی ۔ ایم اے

## سیفِ حقانی

مؤلف : ابو الناصر محمد عمر قریشی ۔ ناشر : عباسی کتب خانہ آدم جی بلڈنگ جونا مارکیٹ کراچی۔
طباعت : عمدہ صفحات : ۱۷۶ قیمت : -/۸ روپے۔

کچھ عرصہ پہلے بھارت کے مولوی ارشد القادری (جو ان دنوں انگلستان میں مقیم ہیں) کی کتابیں پاکستان میں طبع ہوئیں۔ ان کتابوں کے ذریعہ وہی پرانی بحث تازہ ہوئی جس کی یاد میں چنداں مسرت انگیز نہیں۔ مولوی ارشد القادری کے اٹھائے ہوئے اعتراضات کا جواب علمائے دیو بند دے چکے ہیں۔ مگر ان کی حالیہ کتابوں کی اشاعت سے یہ تاثر دیا گیا ہے۔ کہ گویا "زلزلہ" آگیا ہے ـــــ علمائے دیو بند ملی مقاصد کے پیشِ نظر خاموش رہے اور قادیانیت جیسی اسلام کش تحریکات کا کرتے رہے مگر "زلزلہ" کے بعد یہ سلسلہ مزید آگے بڑھتا گیا۔ اس عمل کا آخر ردِ عمل ظاہر ہوا اور زیر تبصرہ کتاب لکھی گئی۔ علامہ ابو الناصر محمد عمر قریشی نے مولوی ارشد القادری اور ان کے ہمنواؤں کو اپنے گریبان میں جھانکنے کی دعوت دی ہے۔

## کاروانِ سائنس

مدیر : عظمت علی خان ناشر : مجلس تحقیقات سائنس وصنعت، ۳۹ گارڈن روڈ صدر کراچی۔ طباعت : عمدہ صفحات : ۴۸ قیمت : تین روپے فی پرچہ/ سو انو روپے سالانہ۔

"کاروانِ سائنس" اپنی نوعیت کا واحد پاکستانی رسالہ ہے۔ اس کا ہر شمارہ تحقیقی اور معلوماتی سائنسی مضامین پر مشتمل ہوتا ہے۔ سائنس دانوں کے علاوہ عام پڑھے لکھے طبقے کے لئے اس میں کشش کا خاصا سامان موجود ہے۔ بڑے سائز میں خوبصورت ٹائپ میں رنگین تصاویر کے ساتھ چھپنے والا یہ پرچہ ہر لائبریری میں ہونا چاہئے اور ہر با ذوق پڑھے لکھے شخص کی نظر سے گزرنا چاہئے۔


## محدّث

رسولِ مقبولؐ نمبر

★

بین الاقوامی سیرت کانگریس کے اہم موقع پر ماہنامہ "محدث" ایک خصوصی اشاعت بیادِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہا ہے۔ جس میں مشاہیر اہلِ علم کے نایاب مضامین، غیر مطبوعہ تقاریر اور ملک کے معروف دانشوروں کے رشحاتِ قلم شامل ہیں۔ مستقل خریداروں کو یہ اہم نمبر عام قیمت پر مہیا کیا جائے گا۔

ایجنٹ حضرات اپنی مطلوبہ تعداد سے دفتر کو اطلاع دیں ــــــــ!

ماہنامہ "محدث" ۱۰۰ ــ جے ماڈل ٹاؤن ۔ لاہور


© rasailojaraid.com